نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں کپاس کی کاشت کی مہم سے متعلق اجلاس کا انعقاد

محکمہ زراعت پنجاب اور کاشتکاروں کی محنت کے باعث گزشتہ برس کپاس کی پیداوار میں 30لاکھ گانٹھوں کا اضافہ ہوا جس سے ملک کو 1.5ارب ڈالر کا فائدہ حاصل ہوا۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور25مارچ2024: کپاس ملکی معیشت کا پہیہ چلانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔محکمہ زراعت پنجاب اور کاشتکاروں کی محنت کے باعث گزشتہ برس کپاس کے زیرِ کاشت رقبہ میں 20 تا 25 فیصد جبکہ مجموعی پیداوار میں 30 لاکھ گانٹھوں کا اضافہ ہوا جس سے ملک کو 1.5 ارب ڈالر کا فائدہ حاصل ہوا۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے آج زراعت ہاؤس لاہور میں کپاس کی کاشت سے متعلق لائحہ عمل کو حتمی شکل دینے کیلئے منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے محکمہ زراعت کے افسران و فیلڈ اسٹاف پورے جذبے اور تندہی سے اپنے فرائض سرانجام دیں تا کہ امسال کپاس کی زیادہ پیداوار کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے۔کپاس کی پیداوار کا ہدف حاصل کرنے کیلئے محکمہ زراعت کے فیلڈ عملہ کی تمام اضافی ڈیوٹیاں ختم کی جا رہی ہیں تا کہ اگلے 4 سے 5 ماہ تک فیلڈ اسٹاف کپاس کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کیلئے شانہ بشانہ شریک رہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی کو " کاٹن مہم 2024 کا فوکل پرسن" مقرر کیا۔انھوں نے کہا کہ کپاس کی مہم کے دوران باقاعدگی سے ہفتہ وار اجلاس ترجیحاً کپاس کی کاشت کے ڈویژنز میں منعقد ہوا کریں گے اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ گزشتہ سال پنجاب کو کپاس کے باعث پہچان ملی اور محکمہ کی نیک نامی ہوئی بتایا کہ کپاس کی کاشت کے حوالے سے ڈویژنل وصوبائی کمیٹیوں کی تشکیل دی جا چکی ہے۔انھوں نے کپاس کے کاشتکاروں کی آگاہی کیلئے میگا فارمر گیدرنگ کرنے کیلئے پرائیویٹ سیکٹر کو بھی آن بورڈ لینے کی ہدایت کی ۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) پنجاب اعجاز منیر،ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) پنجاب ڈاکٹر اشتیاق حسن،کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی،ڈائریکٹر زراعت(توسیع) ہیڈکوارٹرز فاروق جاوید اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆